## اسلام آباد میں انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی میں خودکش حملے کھلی درندگی اور بربریت ہیں۔الطاف حسین

## جوعناصر بھی قوم کی معصوم وبے گناہ عورتوں،بچوں،بچیوں،نوجوانوں،بزرگوں اور معصوم طلبہ وطالبات کا خون بہانے والے درندہ صفت دہشت گردوں کوہم وطن اوراپنا بھائی قراردے رہے ہیں وہ بھی دہشت گردوں کے گھناؤنے جرائم میں برابر کے شریک ہیں

## جونشریاتی ادارے بشمول پرنٹ والیکٹرانک میڈیا کے لوگ دہشت گردوں کی حمایت کرنے والوں کواپنے پروگراموں میں پیش کرکے انہیں درندہ صفت دہشت گردوں کی حمایت کا موقع دے رہے ہیں انکے خلاف بھی کارروائی کی جائے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔20،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اسلام آباد میں انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی میں خودکش حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور دو طالبات کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اوراس واقعہ کوکھلی درندگی اور بربریت قرار دیا ہے۔انہوں نے جاں بحق ہونے والی طالبات کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی اورزخمی ہونیوالے طلبہ وطالبات کی جلدصحتیابی کی دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ جوعناصر بھی خودکش حملوں کے ذریعے قوم کی معصوم وبے گناہ عورتوں،بچوں،بچیوں،نوجوانوں، بزرگوں اورمعصوم طلبہ وطالبات کا خون بہانے والے درندہ صفت دہشت گردوں کی حمایت میں بیانات دے رہے ہیں یا ٹی وی ٹاک شوز یا اخبارات میں اپنے آرٹیکلز میں ان درندہ صفت دہشت گردوں کوہم وطن اوراپنا بھائی قرار دے رہے ہیں وہ بھی ان درندہ صفت دہشت گردوں کے گھناؤنے جرائم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے عسکری ذرائع سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردوں کی حمایت کرنے والے عناصر کے خلاف بھی سخت کارروائی کی جائے اوران عناصر کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ جونشریاتی ادارے بشمول پرنٹ والیکٹرانک میڈیا کے لوگ معصوم شہریوں کا قتل کرنے والے دہشت گردوں کی حمایت کرنے والوں کو پروموٹ کررہے ہیں اورانہیں اپنے پروگراموں میں پیش کرکے انہیں درندہ صفت دہشت گردوں کی حمایت کرنے کا موقع دے رہے ہیں ایسے عناصر کے خلاف بھی کارروائی کی جائے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اگر درندہ صفت دہشت گردوں کی حمایت کرنے والے عناصر کو پروموٹ کرنے کا عمل ترک نہ کیا گیا تو عوام ایسے چینلز کا محاسبہ کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔انہوں نے صحافی برادری سے بھی اپیل کی کہ وہ ایسا گھناؤنا عمل کرنے والے عناصر کے خلاف عوام کے احتجاج کوصحافتی آزادی کی راہ میں رکاوٹ ڈالنے کا عمل ہرگز قرار نہ دیں۔ جناب الطاف حسین نے طلبہ وطالبات اورعوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے اپنے تعلیمی اداروں اور علاقوں میں مشکوک افراد پرنظر رکھنے کیلئے ٹیمیں تشکیل دیں جومشکوک عناصر کی کارروائیوں کوناکام بنانے کیلئے پولیس وانتظامیہ سے رابطہ کریں تاکہ یہ عناصر اپنی گھناؤنی سازش سے پہلے ہی گرفتار کرلئے جائیں۔

## جمہوریہ چیک(Czech Republic)کے سفیر کا نائن زیرو کا دورہ رابطہ کمیٹی کے ارکان،صوبائی وزیر،سٹی نائب ناظمہ سے ملاقات

## ملک کی سیاسی،سماجی،معاشی اور مجموعی صورتحال پر گفتگو ہوئی

کراچی۔۔۔20/اکتوبر2009ء

جمہوریہ چیک(Czech Republic) کے پاکستان میں متعین سفیرPavol SEPELAK نے منگل کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کا دورہ کیا اور رابطہ کمیٹی کے ارکان،حق پرست صوبائی وزیر،سٹی نائب ناظمہ سے ملاقات کی۔اس موقع پر جمہوریہ چیک کے اعزازی قونصل جنرل محمد احمد انصاری بھی موجود تھے۔ملاقات میں جمہوریہ چیک (Czech Republic) کے سفیر نے رابطہ کمیٹی سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کراچی میں امن وامان کی صورتحال پاکستان کے دیگر شہروں سے کہیں زیادہ بہتر اوراطمینان بخش ہے۔اس موقع پرشہری حکومت کی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل نے جمہوریہ چیک کے سفیر کوکراچی میں حق پرست قیادت کی جانب سے کئے جانے والے ترقیاتی اورتعمیراتی منصوبوں کی تفصیل اور مستقبل کے پس منظر سے آگاہ کیا۔ملاقات میں دونوں جانب سے ملک کی سیاسی،سماجی،معاشی اور مجموعی صورتحال پر گفتگو ہوئی۔ملاقات کے اختتام پر رابطہ کمیٹی کے ارکان رکن شعیب احمد بخاری،کنور خالد یونس،حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری،سٹی نے جمہوری چیک (Czech Republic) کے سفیر Pavol SEPELAK اوراعزازی قونصل جنرل محمد احمد انصاری کا نائن زیرو آمد پرشکریہ ادا کیا اورقائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصویری بائیوگرافی پرمبنی کتاب بھی پیش کی۔

## گلگت بلتستان میں بھی حق پرستی کی فتح کے پرچم لہرائیں گے،توصیف خانزادہ

## خرچوک شگراسکردو حلقہ GBLA-6 میں الیکشن آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

اسکردو۔۔۔20،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے بلندوبالا پہاڑوں میں بھی حق پرستی کا فکر وفلسفہ اورنظریہ تیزی سے فروغ پار ہا ہے اورایم کیوایم کے نامزد امیدوارانتخابات میں کامیابی کے بعد گلگت بلتستان کے عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کریں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز خرچوک شگراسکردو حلقہ GBLA-6 میں الیکشن آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب سے ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی اورحق پرست امیدوار حلقہ نمبر 1 راجہ محمد اعظم نے بھی خطاب کیا۔توصیف خانزادہ نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے حق پرستی کے جس سفر کا آغاز جامعہ کراچی سے کیا تھا وہ تمام تر رکاوٹوں اورسازشوں کے باوجود کٹھن اورمشکل ترین حالات کا مقابلہ کرتے ہوئے گلگت بلتستان تک پہنچ گیا ہے اورگلگت بلتستان میں ہونے والے انتخابات کے سلسلے میں عوامی جوش وخروش حق پرست امیدواروں کی کامیابی کی پیشگی نوید دے رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم بلاتفریق انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اوراسی وجہ سے ایم کیوایم سے کسی بھی مذہب، برادری،قومیت یازبان بولنے والوں کو کوئی شکایت نہیں ہے اورایم کیوایم کے خلاف ماضی میں کیا جانے کا منفی پروپیگنڈہ زائل ہو چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پر جناح پور نقشہ کا جھوٹا اور بے بنیاد الزام عائد کر کے اسے ملک بھر میں کام کرنے سے روکا گیا لیکن حق آنے اور باطل مٹ جانے کیلئے ہے اورایم کیوایم آزاد کشمیر کے انتخابات میں کامیابی کے بعد انشاءاللہ گلگت بلتستان کے انتخابات میں کامیابی کے جھنڈے گاڑے گی اور یہاں یہ ہی کے پرچم لہرائیں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی ملک بھر میں حکومت قائم ہوئی تو سب سے پہلے جاگیردارانہ، وڈیرانہ اورسردارانہ نظام کا خاتمہ کیا جائے اور ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومظلوم اور پڑھے لکھے افراد کے ہاتھوں میں ملک کی باگ دوڑ دی جائے گی تاکہ وہ ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی میں خلوص کے ساتھ عملی کردارادا کرسکیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کے ہونے والے انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب کرائیں اورانتخابی نشان پتنگ پر ہی مہر لگائیں۔

## ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جس نے طلبہ تنظیم اے پی ایم ایس او سے جنم لیا ہے،حق پرست امیدوارالطاف حسین میر

## ضلع گلگت میں ڈگری کالج کے طلبہ کے احتجاج میں شرکت،طلبہ کو مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے مکمل یقین دہانی

گلگت۔۔۔20،اکتوبر2009ء

گلگت بلتستان حلقہ GBLA-1 اور GBLA-2 کے حق پرست نامزد امیدواروں الطاف حسین میر اورفقیر شاہ نے ضلع گلگت میں ڈگری کالج کے مسائل کے کیخلاف ہونے والے طلبہ کے احتجاج میں شرکت کی اور متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے اپنے ہرممکن مدد وتعاون کا یقین دلایا۔احتجاجی طلبہ نے حق پرست امیدواران کو بتایا کہ ڈگری کالج میں کمرے نہ ہونے کے برابر ہیں،کمپیوٹر لیب موجود نہیں ہے،کالج شہر سے سیکوڑوں سوکلومیٹر کے فاصلے پر ہے اورٹرانسپورٹ اورلائبریری تک دستیاب نہیں ہے۔حق پرست امیدوار الطاف حسین میر اورفقیر شاہ نے طلبہ کے مسائل کو توجہ سے سنا اور کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد سیاسی جماعت ہے جس نے طلبہ تنظیم اے پی ایم ایس او سے جنم لیا ہے اورایم کیوایم طلبہ کے مسائل کے حل کیلئے ہمیشہ عملی کردارادا کرتی رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈگری کالج میں طلبہ کے دیرینہ مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے آواز اٹھائی جائے گی اور طلبہ کے تعلیمی معیار کو بلند کرنے کیلئے عملی اقدامات بھی کئے جائیں گے۔اس موقع پر احتجاجی طلبہ نے احتجاج کی احتجاج میں شرکت اورطلبہ کے مسائل توجہ سے سننے اورانہیں حل کرنے کی یقین دہانی پر حق پرست امیدواروں سے اظہار تشکر کیا۔

## گلگت بلتستان،پیپلزپارٹی کے سابق جنرل سیکریٹری افسر جان کی سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

گلگت۔۔۔20،اکتوبر2009ء

گلگت بلتستان حلقہ GBLA-3 سے تعلق رکھنے والے پیپلزپارٹی کے سابق جنرل سیکریٹری افسر جان نے غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز GBLA-3 سلطان آباد الیکشن آفس پرایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج صلاح الدین گلگتی سے ملاقات کے موقع پر کیا۔ملاقات میں افسر جان نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اورنظریہ ملک بھر کے

مظلوموں کی آواز ہے اوراسی پرعمل پیرا ہوکرہی ملک وقوم کی سالمیت ،خودمختاری اورتحفظ کویقینی بنایا جاسکتا ہے ۔اس موقع پرصلاح الدین گلگتی نے افسر جان کی دیگر ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا خیرمقدم کیااورگلگت بلتستان میں ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کوخوش آئند قرار دیا۔

## میڈیکل کالجز اور یونیورسٹیز کے داخلہ سیٹوں پر دس فیصد اضافہ حق پرست گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور حق پرست صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد کی علمی کاوشوں کا نتیجہ ہے، اے پی ایم ایس او

کراچی:۔۔۔۔۔10اکتوبر2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین وارا کین مرکزی کابینہ نے کہا ہے کہ میڈیکل کالجوں اور یونیورسٹیوں کی داخلہ پالیسی کے اعلان کے بعد حق پرست گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد ،حق پرست صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد اور داخلہ کمیٹی کی جانب سے میڈیکل کالجز اور یونیورسٹیز کے داخلہ سیٹوں پر دس فیصد اضافہ حق پرست گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اورحق پرست صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد کی علمی کاوشوں کا نتیجہ ہے ۔یہ بات مرکزی کابینہ کے اراکین نے اپنے بیان میں کہی ۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت کے اس اقدام سے شہر اور سندھ بھر سے تعلق رکھنے والے طلبہ کو کسی بھی میڈیکل کالجز اور یونیورسٹیز میں باآسانی داخلے مل سکتے ہیں اور ساتھ ہی صوبہ سندھ سے تعلق رکھنے والے طلبہ کو بھی سندھ کے مقامی علاقوں کے کالجز اور یونیورسٹیز میں میڈیکل کی تعلیم حاصل کرنے کا فائدہ پہنچے گا ۔انہوں نے کہا کہ ہم گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد حق پرست صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد اور داخلہ کمیٹی کا خیرمقدم بھی کرتے ہیں ۔جنھوں نے میڈیکل کالجز اور یونیورسٹیز کے داخلہ سیٹوں پر دس فیصد اضافہ بھی کرنے کا حتمی فیصلہ کیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ویژن کے مطابق تعلیم سب کے لئے کے طریقہ کار پر طلبہ میں عملی خدمات پیش کررہی ہے ۔جس کا سارا سہرا قائد تحریک جناب الطاف حسین کے سر کو جاتا ہے ۔مرکزی کابینہ نے کہا کہ اے پی ایم ایس او شہر اور سندھ بھر کے طلبہ کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے ۔

## لاسی گوٹھ میں مقیم مختلف برادریوں کے نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت
## عوام دشمن قوتیں مظلوموں کے اتحاد کے سامنے ریت کی دیوار ثابت ہوں گی، عادل خان
## لاسی گوٹھ یوسی 4 سونگل میں یونٹ آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔20،اکتوبر2009ء

لاسی گوٹھ میں مقیم پنہور، راجپوت ، برفت ، گاڈھی اور بنگالی برادری کے سینکڑوں نوجواں اور بزرگوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے ۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز لاسی گوٹھ یوسی 4 سونگل میں ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے یونٹ آفس کی افتتاحی تقریب کے موقع پر کیا ۔اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی عادل خان، کے ایم اوسی کے جوائنٹ انچارج یوسف منیر شیخ ، اراکین ممتاز علی اورگل محمد مینگل بھی موجود تھے ۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والی برادریوں کے نمائندہ افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین بھائی غریب اور مظلوم عوام کے حقوق کیلئے جو جدوجہد کررہے ہیں اس کی نظیر نہیں ملتی اور اسی جدوجہد سے متاثر ہوکر ہم نے متحدہ میں شمولیت کا فیصلہ کیا ہے ۔حق پرست ایم پی اے عادل خان نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والی برادریوں کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک میں بسنے والے غریب اور مظلوم عوام کو اپنے مسائل کے حل کیلئے حقیقت پسندی اور عملیت پسندی کا نظریہ دیا ہے اور الطاف حسین کے پروانے اسی نظریے پر عمل کرتے ہوئے انتہائی نامساعد حالات کے باوجود جاگیرداروں اور وڈیروں کے ظلم وناانصافی کے خاتمے کے لئے جدوجہد میں مصروف ہیں اور وہ دن دور نہیں جب عوام دشمن قوتیں مظلوم عوام کے اتحاد کے سامنے ریت کی دیوار ثابت ہوں گی ۔

☆☆☆☆☆